Cambridge Assessment International Education

# Cambridge International A Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **October/November 2024**

**2 hours 30 minutes**

You must answer on the enclosed answer booklet.

You will need: Answer booklet (enclosed)

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

**INSTRUCTIONS**
- Answer **three** questions in total in **Urdu**, each on a different text:
  - Answer **at least one question** from Section 1.
  - Answer **at least one question** from Section 2.
  - Answer **one other question** from **either** Section 1 **or** Section 2.
- Follow the instructions on the front cover of the answer booklet. If you need additional answer paper, ask the invigilator for a continuation booklet.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**
- The total mark for this paper is 75.
- Each question is worth 25 marks.

**ہدایات**

- کل **تین** سوالوں کے جواب **اردو** میں دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے :
  - کم از کم **ایک سوال** کا جواب حصہ 1 سے لکھیے۔
  - کم از کم **ایک سوال** کا جواب حصہ 2 سے لکھیے۔
  - اس کے علاوہ **ایک اور سوال** کا جواب حصہ 1 **یا** حصہ 2 سے لکھیے۔
- جوابی پرچے کے سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔ یہ ہدایات نیچے اردو میں بھی دی گئی ہیں۔ اگر آپ کو جواب لکھنے کے لیے زائد صفحات کی ضرورت ہو تو نگران سے اضافی کتابچے کے لیے رابطہ کریں۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**

- اس پرچے کے لیے کل مارکس 75 ہیں۔
- ہر سوال کے 25 مارکس ہیں۔

This document has **8** pages. Any blank pages are indicated.

DC (CJ) 326822/1
© UCLES 2024

**[Turn over**

**جوابی کتابچے کے لیے ہدایات**

کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ آپ ڈایا گرام یا گراف کے لیے ایچ بی پینسل استعمال کر سکتے ہیں۔


اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔ اپنا جواب واضح طور پر لکھیے۔

کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت** کریں۔

کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔

اپنے جوابات اس کتابچے میں لکھیے۔ صفحات کے دونوں طرف لکھیے۔ نیا جواب شروع کرنے سے پہلے ہر جواب کے آخر میں دو سطریں چھوڑ دیجیے۔

آپ جس سوال کا جواب لکھ رہے ہیں اس کا نمبر دائیں طرف کے حاشیے میں انگریزی میں لکھیے۔




اگر آپ کا منتخب شدہ سوال مختلف حصوں پر مشتمل ہو مثال کے طور پر 1 (a) تو اس حصے کا نمبر انگریزی میں دوسرے حاشیے میں لکھیے۔

تمام اضافی کام اسی جوابی کتابچے میں قلم سے کیجیے۔ جو حصہ ممتحن کے لیے **نہیں** ہے اسے کاٹ دیں مگر یہ خیال رہے کہ وہ کٹا ہوا حصہ پڑھا جا سکے۔

اس کتابچے کا کوئی بھی حصہ الگ **نہ** کریں۔

تمام کاغذات واپس کر دیں۔ اگر آپ نے کوئی اضافی کتابچہ استعمال کیا ہے تو اسے بھی جوابی کتابچے میں رکھ کر واپس کر دیں۔

BLANK PAGE

© UCLES 2024

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے **ایک ایک** سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے منتخب کیے ہوئے سوالوں کے نمبر واضح طور پر **انگریزی** میں لکھیے۔

## پہلا حصہ

**1** غزلیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

ابن مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
شرع و آئین پر مدار سہی
ایسے قاتل کا کیا کرے کوئی
چال جیسے کڑی کمان کا تیر
دل میں ایسے کے جا کرے کوئی
بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سنا کرے کوئی
بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

(غالب)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا غزل میں نصیحت کا رنگ نمایاں نظر آتا ہے۔ تبصرہ کیجیے۔

**یا**

**(b)** میر تقی میر کو اگر شہنشاہ سخن کہا جائے تو غلط نہ ہو گا۔ آپ نے میر کے جن اشعار کا مطالعہ کیا ہے ان کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

© UCLES 2024

2 نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

ان گنت صدیوں کے تاریک بہیمانہ طلسم
ریشم و اطلس و کمخواب میں بنوائے ہوئے
جا بجا بکتے ہوئے کوچہ و بازار میں جسم
خاک میں لتھڑے ہوئے خون میں نہلائے ہوئے
لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر کیا کیجیے
اب بھی دلکش ہے ترا حسن مگر کیا کیجیے
اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا
مجھ سے پہلی سی محبت مری محبوب نہ مانگ

(فیض)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم کو کس حد تک ایک رومانی نظم کہا جا سکتا ہے؟ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

**یا**

**(b)** ساحر کی شاعری کے کون سے پہلو نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے؟ آپ نے ساحر کے جن اشعار کا مطالعہ کیا ہے ان کے حوالے سے اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

**3** نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

ایک دوشیزہ سڑک پر دھوپ میں ہے بیقرار
چوڑیاں بجتی ہیں کنکر کوٹنے میں بار بار
چوڑیوں کے ساز میں یہ سوز ہے کیسا بھرا
آنکھ میں آنسو بنی جاتی ہے جس کی ہر صدا
گرد ہے رخسار پر زلفیں اٹی ہیں خاک میں
ناز کی بل کھا رہی ہے دیدۂ غم ناک میں
ہو رہا ہے جذب مہر خونچکاں کے روبرو
کنکروں کی نبض میں اٹھتی جوانی کا لہو
دھوپ میں لہرا رہی ہے کاکل عنبر سرشت
ہو رہا ہے کمسنی کا لوچ جزو سنگ وخشت

(جوش)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم سے ہندوستان میں غریب لوگوں کے حالات کے بارے میں کیا تاثر ملتا ہے؟ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

**یا**

**(b)** ن م راشد کی نظموں میں جدت پسندی نمایاں ہے۔ آپ نے راشد کے جن اشعار کا مطالعہ کیا ہے ان کے حوالے سے اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

## دوسرا حصہ

4 مراۃالعروس، ڈپٹی نذیر احمد

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** اصغری اور اکبری کے کرداروں کا موازنہ کرتے ہوئے بتائیے کہ کون سا کردار حقیقت سے زیادہ قریب ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

**یا**

**(b)** ناول مراۃالعروس کے ناصحانہ انداز کی وجہ سے قاری کی دلچسپی برقرار نہیں رہتی۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

5 افسانے

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** ہندوستان کی تقسیم کا فیصلہ صرف ان لوگوں کے لیے درست نہیں تھا جو پاگل خانے میں تھے۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟ افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے حوالے سے اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

**یا**

**(b)** نصاب میں شامل کون سا افسانہ غربت کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات کی بہتر عکاسی کرتا ہے؟ کسی **ایک** افسانے کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

6 انارکلی، امتیاز علی تاج

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** اکبر ایک ظالم حکمران ہے یا ایک رحمدل باپ ہے؟ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

**یا**

**(b)** انارکلی کو دی جانے والی سزا سلیم کے حق میں بہتر فیصلہ تھا۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of Cambridge Assessment. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is a department of the University of Cambridge.

© UCLES 2024